14040- نماز جنازہ فرض کفایہ ہے

سوال

کیا نماز جنازہ کی فرضیت صرف مردوں کے ساتھ خاص ہے یا ہر مسلمان مرد و عورت کے لیے عام ہے ؟

پسندیدہ جواب

نماز جنازہ فرض کفایہ ہے ، اگر چند مسلمان ادا کریں تو باقی مسلمانوں سے ساقط ہو جاتا ہے ، اور اگر سب ہی ادا نہ کریں اور انہیں علم بھی ہو تو پھر وہ گنہگار ہونگے ، اس میں صرف مردوں کو ہی خصوصیت حاصل نہیں ، بلکہ مرد و عورت کے لیے نماز جنازہ ادا کرنا مشروع ہے ، اگرچہ اصل میں تو ڈائریکٹ مردوں کے لیے ہے .

لیکن عورتیں جنازہ کے ساتھ نہیں جائیں گی کیونکہ ام عطیہ رضی اللہ تعالی عنہا کہتی ہیں :

"ہمیں جنازہ کے پیچھے جانے سے منع کر دیا گیا ، اور ہم پر ممانعت میں تاکید نہ تھی"

صحیح بخاری و صحیح مسلم

اور ایک روایت میں ہے :

"رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں منع فرمایا ....."الحدیث ..